برکاتِ درودِ تاج

مشکلات، پریشانیوں، دکھوں، تکلیفوں سے نجات حالات
میں سُلجھاؤ اور زیارت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے اکابرین واسلاف رح
اور اہل علم حضرات کے لاجواب وظائف کا مجموعہ

تالیف

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

پی۔ ایچ۔ ڈی (امریکہ)

شرائط

ان وظائف کے کارگر ہونے کی چند شرائط ہیں

- ☆ یقین کے ساتھ عمل کریں' شک عمل کو ضائع کر دیتا ہے۔
- ☆ توجہ کے ساتھ عمل کریں' بے توجہی سے پڑھی جانے والی دعائیں ہوا میں گم ہو جاتی ہیں۔
- ☆ رزق حلال کا اہتمام کریں' مالک راضی ہو گا تو کام بنے گا۔
- ☆ فرائض کا اہتمام کریں۔ جو لوگ نماز اور دیگر فرائض ادا نہیں کرتے ان کے اعمال بے اثر رہتے ہیں۔
- ☆ حرام کاموں سے بچیں' وہ کام جنہیں شریعت نے حرام قرار دیا ہے ان کا ارتقاب روحانیت کو نقصان پہنچاتا ہے تب عمل کارگر نہیں ہوتا۔
- ☆ الفاظ کی تصحیح کا اہتمام کریں' الفاظ غلط پڑھنے سے معنی بدل جاتے ہیں۔
- ☆ طہارت کا اہتمام کریں' خود بھی پاک صاف ہوں' لباس اور جگہ بھی پاک صاف رکھیں۔
- ☆ عاجزی اور آہ وزاری کے ساتھ عمل کریں۔

برکاتِ درود تاج

مشکلات، پریشانیوں، دکھوں، تکلیفوں سے نجات،
حالات میں سلجھاؤ اور زیارت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کیلئے اکابرین واسلاف ؒ اور اہل علم حضرات
کے لاجواب وظائف کا مجموعہ

تالیف: شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم
(پی۔ ایچ۔ ڈی، امریکہ)

عبقری پبلی کیشنز
عالمی مرکز روحانیت وامن عبقری اسٹریٹ
نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

حالِ دل

دنیا جس بجلی کی رفتار سے ترقی کے مقامات طے کر رہی ہے وہ کسی بھی اہل علم و اہل نظر سے پوشیدہ نہیں۔۔۔! وہ کوئی بھی شعبہ ہو تعلیم و صحت ہو، زراعت و تجارت ہو، معاملات یا سیاسیات ہو غرض زندگی کے ہر شعبہ میں سہولت و جدت کے نام پر نئی منزلوں کیلئے نئی راہیں تلاش کی جا رہی ہیں یہ تبدیلیاں جہاں ایک طرف زندگی کو آسان بنا رہی ہیں وہیں نت نئے مسائل کو بھی جنم دے رہی ہیں۔۔۔۔۔۔! یا یوں کہیں کہ وسائل کے بڑھنے کے ساتھ ساتھ ہمارے مسائل بھی بڑھ رہے ہیں۔ ان مسائل کے حل کیلئے نئے ادارے اور نئے شعبہ جات قائم کیے جا رہے ہیں۔ ان تمام کی ضرورت اور اہمیت اپنی جگہ مسلمہ ہے لیکن مسائل کا ایک حل وہ بھی ہے جو ہماری نظروں سے اوجھل رہا۔۔۔! وہ ہے اعمال کے ذریعے مسائل کا حل جو کہ صحابہؓ تابعینؒ اور چودہ صدیوں سے زائد عرصہ میں پھیلے ہوئے اولیائے کرامؒ کی زندگی کا لازمی حصہ تھا، یہ ہمارے لیے

ایک روشن سبق اور واضح مثال ہے۔

میری ہمیشہ یہی کوشش رہی کہ آپ حضرات کی خدمت میں ایسے اعمال و وظائف پیش کروں جو کہ موجودہ دور میں دکھوں کے مارے، پریشانیوں میں اُلجھے، حالات کی چکی میں پسے اور بیماریوں میں جکڑے لوگوں کیلئے مرہم کا سامان ہو۔

زیرنظر کتابچہ "برکات درود تاج" اسی دادرسی کی ایک کوشش ہے جو کہ اکابرؒ کی زندگی کا معمول رہا ہے یہ ایک وظیفہ ہے جو کہ برکت میں اپنی مثال آپ ہے۔ چند اہل علم کے وظائف افادہ عام کے پیش نظر یکجا کرنے کی ایک کوشش ہے۔ اللہ رب العزت اسے لوگوں کیلئے نافع اور دین و دنیا کی بہتری کا ذریعہ بنادیں۔ آمین

بندہ حکیم محمد طارق محمود چغتائی عفی اللہ عنہ

* * * * *

درود تاج سے مشکلات کا خاتمہ

درود تاج کی بہت سی برکات ہیں۔ بہت سے اولیائے کرامؒ نے یہ درود پاک خود پڑھا اور اپنے سلسلہ طریقت میں اپنے ارادت مندوں کو پڑھنے کی اجازت مرحمت فرمائی، جیسا کہ امام اولیاء حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ کا واقعہ منقول ہے۔ ذیل میں درود تاج کے حوالے سے مختلف اہل علم عاملین حضرات کے اعمال و وظائف پیش خدمت ہیں تاکہ مشکلات کے حل کرنے میں مدد ملے۔

درود تاج پر اہل علم حضرات کے مشاہدات

شیخ التفسیر حضرت مولانا عبداللہ بہلویؒ کا آزمودہ عمل

زیارت رسول ﷺ کیلئے:

جو شخص زیارت رسول ﷺ کا طالب ہو اسے چاہیے کہ 313 مرتبہ درود تاج 21 دن تک بلاناغہ پڑھے تو زیارت فیض بشارت سے مشرف ہوگا، ہزاروں لوگوں کو فائدے ہوئے ہیں اور زیارت سے مشرف

ہوئے ہیں۔ (کتاب : محاسبۃ الاعمال فی الغدو والآصال ص 5 مصنف : شیخ التفسیر حضرت مولانا عبداللہ بہلویؒ)

علامہ ارشد حسن ثاقب صاحب کے آزمودہ عملیات

بے روزگاری کے خاتمہ کیلئے

اگر بے روزگاری نے جینا دوبھر کر دیا ہو، کوئی ملازمت نہ مل رہی ہو تو تین دن متواتر درود تاج فجر سے مغرب تک کی ہر نماز کے بعد 7 بار اور عشاء کی نماز کے بعد 100 بار پڑھیں۔ تینوں دن روزگار کی تلاش میں بھی نکلیں اور جہاں ملازمت کا امکان نظر آتا ہو وہاں اپنی کوشش جاری رکھیں۔ اگر تین دن میں کام نہ ملے تو چوتھے دن فجر کی نماز کے بعد سے درود تاج پڑھنا شروع کریں اور اس وقت تک پڑھنا جاری رکھیں جب تک کوئی آدمی آکر آپکو ملازمت ملنے کی خوشخبری نہ سنا دے۔

تمام حاجات و مشکلات کے حل کیلئے

حاجات و مشکلات کے حل کیلئے ہر نماز کے بعد تین، تین مرتبہ یا فجر

اور مغرب کے بعد سات سات مرتبہ کا معمول رکھیں ہر حاجت پوری ہوگی اور ہر مشکل خود بخود آسان ہوتی جائے گی۔

بڑی سے بڑی حاجت کیلئے خاص عمل

اگر کوئی فوری یا بڑی ضرورت اور حاجت پیش آجائے یا اچانک کوئی مشکل یا مصیبت سر پر آپڑے تو عشا کے بعد دو نفل قضائے حاجات کے پڑھ کر 100 مرتبہ دردتاج مکمل حضور قلبی کے ساتھ 7، 11 یا 21 دن تک (حسب حاجت) پڑھیں۔

(۲) چند لوگ مل کر ایک ہی نشست میں 2100 مرتبہ پڑھ کر اپنے مقصد کیلئے دعا کریں دونوں طریقے سریع الاثر اور مفید ہیں۔

(بحوالہ کتاب جامع الوظائف ص 264، مصنف علامہ ارشد حسن ثاقب صاحب دامت برکاتہم، ناشر: ادارۃ القریش لاہور۔ اس کتاب میں موجود عملیات اور درود تاج کی تصدیق کرنے والے علم کے آفتاب و مہتاب (ا)۔ مفتی شاہد عبید صاحب دامت برکاتہم نائب مفتی جامعہ اشرفیہ لاہور نے اس کتاب جامع الوظائف کی 11 خصوصیات کا ذکر کر کے انھیں حضرت یوسفؑ کے خواب سے تشبیہ

دے کر یہ ارشاد فرمایا ہے کہ اس کتاب میں قرآن وسنت کی تعلیمات سے متصادم کوئی بھی عمل نقل نہیں کیا گیا۔ (۲)۔ حضرت مولانا ڈاکٹر منظور احمد مینگل صاحب دامت برکاتہم نے اس کتاب جامع الوظائف کو ایک اچھی وعمدہ کاوش قرار دیا ہے۔ اور اس کتاب کی بارگاہ الٰہی میں قبولیت کی دعا کی ہے (۳)۔ حضرت مولانا مفتی عدنان کاکاخیل صاحب نے کتاب جامع الوظائف کو افراط وتفریط کے خلاف ایک پیمانہ قرار دیا ہے اور اس میں ذکر کردہ ہر عمل کی نسبت قرآن وحدیث اور اکابرؒ کی طرف منسوب کی ہے، اس میں موجود اعمال کو راہ اعتدال قرار دیا ہے۔ (۴)۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب اشرفیؒ نے کتاب جامع الوظائف کو ایک مفید کتاب قرار دے کر اردو زبان میں اس سے پہلے اتنی جامع کتاب نہ ہونے کی سند دی ہے، اس کتاب کے ہر وظیفے کو نہایت مفید، معتبر، مستند، اور یقینی فوائد کا حامل قرار دیا ہے اور اس کتاب کی قبولیت کے لیے دعا کی ہے۔ (۵)۔ استاد الحدیث حضرت مولانا حافظ فضل الرحیم دامت برکاتہم نے کتاب جامع الوظائف کو حسن سلیقہ، حسن انتخاب، اور تحقیق کا حسین مرقع قرار دیا ہے)

مولانا عطاء اللہ صاحب کے نقل کردہ اعمال

صاحب کشف بننے کیلئے

اگر کوئی شخص صاحبِ کشف بننا چاہے تو اسے چاہیئے کہ اس درود پاک کو روزانہ 100 مرتبہ پڑھے اور تین سال تک یہی معمول جاری رکھے انشاء اللہ اس عرصے میں صاحبِ کشف بن جائے گا اور اگر وہ اس سلسلے کو تاحیات جاری رکھے تو وہ صاحبِ روحانیت بن جائے گا۔ کیونکہ یہ درود صفائی قلب کے لیے نہایت اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

زیارت رسول ﷺ کیلئے

اگر کوئی شخص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا خواہشمند ہو تو اسے شب جمعہ میں 170 مرتبہ پڑھے اور 40 جمعہ تک یہی عمل جاری رکھے انشاء اللہ شرف زیارت سے مشرف ہوگا۔

بانجھ پن دور کرنے کیلئے

بانجھ عورت اگر 21 چھواروں پر 7 مرتبہ پڑھ کر دم کرے (یا کوئی دوسرا شخص دم کردے) اور ہر روز ایک چھوارا عورت کو کھلائے۔ اور حیض

سے فارغ ہونے کے بعد غسلِ طہارت کرے اور میاں سے خلوت کرے اللہ کے فضل سے فرزندِ صالح پیدا ہوگا۔

حاملہ کی صحت کیلئے

اگر حاملہ عورت کو کسی بھی قسم کا خلل ہو تو 7 دن تک سات مرتبہ روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لے۔ اللہ کے فضل وکرم سے حمل ہر پریشانی سے محفوظ رہے گا۔

تسخیر خلائق کیلئے

اگر کوئی شخص حب یا تسخیر خلق کیلئے خلوت میں 111 مرتبہ روزانہ چالیس رات پڑھے تو اللہ کے فضل وکرم سے جسکی طرف توجہ کرے گا وہی شخص اس کا دیوانہ ہو جائے گا میاں بیوی میں محبت کیلئے یہ عمل مثالی ہے۔

سخت ترین جنات سے خلاصی کیلئے

سخت ترین جنات ، آسیب اور جادو بندش نظر بد اور اس قسم کے مصائب سے چھٹکارے کیلئے 11 مرتبہ 11 دن تک پڑھیں تو اللہ کے فضل وکرم سے آپ ان آفتوں سے نجات پالیں گے۔

(مولانا قاری عطاء اللہ صاحب فاضل جامعہ اشرفیہ، لاہور)

عامل عبدالرحمٰن صاحب کے نقل کردہ وظائف

بے اولادی کے خاتمہ کیلئے

عامل عبدالرحمٰن صاحب کبیر والہ بتانے لگے کہ ہمارے یہاں ایک بزرگ نور محمد صاحب نے درود تاج کے اس عمل کی اجازت دی ہے اور یہ عمل بڑا ہی باکمال ہے عمل یہ ہے کہ 7 عدد پھول مکھانہ لے لیں۔ ہر دانے پر سات سات مرتبہ درود تاج پڑھ کر اس عورت کو دیں جو بے اولاد ہو۔ وہ ایام کے غسل کے بعد نہار منہ باوضو ہو کر تنہائی میں روزانہ ایک عدد پھول مکھانہ کھائے اور میاں سے خلوت کرے۔ ان شاء اللہ اولاد ہو جائے گی۔ ان باباجی کی طرف سے اس عمل کی اجازت ہے۔

درود تاج کا ایک خاص عمل

جب ربیع الاول شروع ہو تو پہلی شب کو دو رکعت نماز نفل پڑھے اور اس کا ثواب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہدیہ کر دے اور پھر 11 بار درود تاج 11 راتوں تک روزانہ پڑھے اور بارہویں شب کو 41 مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل کرنے سے بندہ اس درود کا عامل ہو جاتا ہے اسکے بعد

روزانہ 3 مرتبہ پڑھ لیا کرے اس عمل کی برکت سے اسے بکثرت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت ہوا کرے گی اور اسکے علاوہ بھی بہت سے کمالات اس شخص کو ملتے ہیں جو عملکرنے کے بعد ہی معلوم ہو سکتے ہیں۔ (عامل عبدالرحمٰن صاحب، کبیروالہ)

مولانا عبدالغفار صاحب کے نقل کردہ وظائف

ایک ہفتہ میں جنات کا خاتمہ

جو شخص جادو، جنات کے اثرات میں مبتلا ہو اسے چاہیے کہ کسی بھی اسلامی مہینے کی پہلی شب جمعہ میں رات کو باوضو ہوکر خوشبو لگائے اورنہایت ہی یکسوئی کے ساتھ 11 مرتبہ درود تاج پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونک مارے اور ہاتھوں کو اپنے تمام بدن پر پھیر لے اسی طرح اگلی شب جمعہ تک یہ عمل کرے انشاءاللہ سخت سے سخت جادو ٹونہ اور جنات کا خاتمہ ہو جائے گا۔

گناہوں سے بچنے اور بے بہا رزق کیلئے

جو شخص چاہتا ہے کہ اسکا دل گناہوں سے صاف ہو جائے۔ اور

دوبارہ گناہوں کے پاس نہ جائے تو اُسے چاہیے کہ فجر کی نماز کے بعد روزانہ 60 مرتبہ درود تاج کا ورد کرے۔ اور نماز عصر وعشاء کے بعد تین تین مرتبہ اس درود پاک کو پڑھنے کا اہتمام کرے انشاءاللہ درود تاج کی برکت سے اسکا دل پاک وصاف ہو جائے گا اور ولایت ومعرفت کے دروازے کھل جائیں گے اور دوسرا فائدہ دنیا کا پیکیج ہے وہ یہ کہ رزق کے بے بہا دروازے کھل جائیں گے جس کی وجہ سے آج ہر شخص پریشان اور مارا مارا پھرتا ہے۔ اللہ آپ کو اتنا دے گا کہ آپ خوب لوگوں میں بانٹنے والے بن جائیں گے۔

مشاہدہ: مجھے نقشبندی سلسلے کے ایک بزرگ کہنے لگے کہ ایک جوان آکر مجھ سے کہنے لگا کہ میری صبح وشام کس ماحول میں گزرتی ہے میں آپ کو بتا نہیں سکتا، رات بھر غلط ویب سائٹ کا وزٹ کرتا ہوں اور اب تو حالت یہ ہوگئی ہے کہ ایسی ویب سائٹ مجھے ازبریاد ہوگئی ہیں، بیک وقت کئی کئی لڑکیوں سے چیٹنگ کرتا ہوں، غرض اللہ معاف کرے وہ نہ جانے کس طرح کی زندگی مجھے بتا رہا تھا میں اس کا اظہار کرنا نامناسب سمجھتا ہوں۔ وہ بار بار مجھ سے اصرار کر رہا تھا کہ کسی طرح مجھے اس بری عادت سے نکال لیں میں نے کئی دفعہ بچنے کی کوشش کی ہے لیکن میں پھر اُس

انٹرنیٹ کی لعنت میں مبتلا ہو جاتا۔۔۔ میں نے اُس نوجوان کو فجر کی نماز کے بعد پڑھنے کیلئے 60 مرتبہ درود تاج کا ایک عمل دیا اور کہا کہ فجر میں اٹھنا مشکل تو نہیں ہوگا۔۔۔! وہ کہنے لگا کہ مجھے تو نیند ہی اس وقت آتی ہے، میں یہ عمل کر کے سو جاؤں گا۔ اس جوان نے ابھی سات دن ہی یہ عمل کیا تھا کہ اس کی زندگی میں صالحیت کے آثار پیدا ہونا شروع ہو گئے۔

دنیا کے 4 بڑے کاموں میں آسانی

مجھے عملیات کا بچپن ہی سے شوق تھا اس سلسلے میں اکابرؒ کی کتابیں کھنگالتا رہتا تھا میں نے اکابرؒ کی کتابوں میں درود تاج کا ایک عمل پڑھا کہ جو شخص مغرب و عشاء کے درمیان 5 مرتبہ درود تاج پڑھنے کا اہتمام کرے گا اُسے بہت ہی زیادہ فوائد حاصل ہونگے میں نے یہ عمل پڑھنا شروع کر دیا اللہ کے فضل و کرم سے مجھے اس عمل کے چار فائدے حاصل ہوئے۔ (۱) مال میں بے بہا برکت۔ (۲) تمام کاموں کیلئے غیبی اسباب۔ (۳) شر و فتنہ سے امن۔ (۴) اللہ کے فضل و کرم سے زندگی عافیت والی۔

(محمد سرفراز کورنگی انڈسٹریل ایریا نزد دار العلوم کراچی)

زیارت باسعادت کیلئے

جو شخص چاہے کہ اُسے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت باسعادت سے نوازا جائے تو اسے چاہیے کہ اس نعمت عظمیٰ کو حاصل کرنے کیلئے بزرگان دین کا ایک آزمودہ عمل کرے اللہ پاک کی توفیق سے بکثرت زیارتیں شروع ہوجائیں گی۔ عمل یہ ہے شب جمعہ کی رات ۱۸۰ مرتبہ یہ درود پاک پڑھے اور چالیس شب جمعہ تک یہ عمل جاری رکھے۔

حاسدین سے حفاظت کیلئے

ایک شخص کہنے لگا میں رزق کی تلاش میں ایک بد حال شخص تھا گریجویشن ہونے کے باوجود بھی مجھے کہیں نوکری نہیں ملتی تھی در بدر کی ٹھوکریں کھا رہا تھا، ایک دوست کی مہربانی اس نے مجھے ایک پرائیویٹ کمپنی میں لگا دیا وہاں مجھے ابھی پانچ ماہ ہی گزرے تھے کہ میرے سینئر افسران نے مجھے بات بات پر تنگ کرنا شروع کر دیا، جہاں میری غلطی بھی نہ ہوتی اس جگہ بھی مجھے ذلیل کیا جاتا، میں پورے آفس میں ایک مذاق بن کر رہ گیا، ایک دن مجھے کسی دوست نے فیس بک پر ایک پوسٹ شیئر کی جس کی عنوان یہ تھا کہ ”ناجائز تنگ کرنے والے لوگوں

سے نجات کا عمل‘‘ میں نے بڑی جستجو کے ساتھ اس عمل کو پڑھا تو اس میں 41 مرتبہ درود تاج پڑھنے کا عمل لکھا ہوا تھا میں نے اُسی دن سے کرنا شروع کر دیا ابھی عمل کرتے گیارہ دن ہی گزرے تھے کہ آفس کا ماحول تبدیل ہونا شروع ہو گیا اور چالیس دن کے بعد تو وہی افسران میرے ساتھ اس طرح ہو گئے جیسے میں کوئی انکا پرانا دوست ہوں۔ افسران کا یہ رویہ دیکھ کر لوگوں کو بہت ہی حیرانی ہوتی لوگ مجھ سے پوچھتے کہ یہ سب کیسے ہو گیا؟ لیکن میں نے یہ عمل آج تک کسی کو بھی نہیں بتایا تھا آج پہلی مرتبہ میں آپ کو بتا رہا ہوں۔

(ناصر قائم خانی، حیدر آباد)

طریقہ عمل: آپ کا کوئی دشمن ہے حاسد ہے یا آپ کو اپنے افسر یا وقت کے حکمران سے خطرات درپیش ہیں اور آپ کو قدم قدم پر اپنی جان کا خطرہ ہے تو روزانہ نماز عشاء کے بعد نہایت یکسوئی کے ساتھ باوضو ہو کر 41 مرتبہ اس درود پاک کا ورد کریں اور یہ عمل بلاناغہ 40 دنوں تک جاری رکھیں تو اللہ کے فضل وکرم سے آپ کی حفاظت کیلئے ایک غیبی نظام متوجہ ہو جائے گا۔

فوری شادی کیلئے

میرے شوہر اکثر بیمار رہتے جس کی وجہ سے کہیں مستقل کام نہیں ملتا تھا اسی وجہ سے میں نے کراچی میں ایک اسکول میں پڑھانا شروع کردیا، میری دو بیٹیوں میں سے ایک جوان ہوچکی تھی، اب مجھے بہت ہی زیادہ پریشانی یہ تھی کہ کسی طرح یہ بچیاں اپنے اپنے گھروں کی ہوجائیں میرے ساتھ فزکس کی ایک ٹیچر تھیں ان سے میں کبھی کبھی اپنے گھر کے حالات کا ذکر کرتی، ایک مرتبہ انہوں نے مجھے روزانہ 40 مرتبہ تہجد کے وقت درود تاج پڑھنے کیلئے کہا میں نے 31 دن ہی پڑھا تھا کہ میری بچی کا نہایت ہی معیاری اور مناسب رشتہ ملا آج وہ بچی اپنے گھر میں نہایت ہی خوشگوار زندگی گزار رہی ہے۔ (زوجہ اعجاز ہمدانی، کراچی)

طریقہ عمل: جو شخص جائز محبت کا طلبگار ہو یا گناہوں کی زندگی سے بچنے کیلئے شادی کرنا چاہتا ہو لیکن کوئی اسباب نہ بن رہے ہوں گھر میں کوئی بھی شخص راضی نہ ہو رہا ہو، مالی وسائل بھی شادی کرنے کی اجازت نہ دے رہے ہوں تو ایسے شخص کو چاہیے کہ

روزانہ تہجد کے وقت 40 مرتبہ اس درود پاک کو بلا ناغہ 40 دن صفائی اور پاکیزگی کا خیال رکھتے ہوئے پڑھے انشاء اللہ غیب سے اس کی شادی کے اسباب بن جائیں گے۔

خواب میں زیارت کیلئے:

والدہ محترمہ کے انتقال کے بعد مجھے اپنی زندگی بالکل بھی اچھی نہیں لگتی تھی، میں ہر وقت گم صم رہتا، کسی سے ملنا جلنا اچھا نہیں لگتا، ایک مرتبہ میں ریل گاڑی میں سفر کر رہا تھا تو میرے ساتھ ایک صاحب تسبیح ہاتھ میں لیے دھیمی، دھیمی آواز میں کچھ پڑھ رہے تھے، جب ان کا وظیفہ مکمل ہوا تو انھوں نے میرے ساتھ علیک سلیک کی، میں نے انھیں اپنا غم سنایا اور کہا کہ میرے دل پر والدہ کا غم نقش ہو گیا ہے میں ان سے کسی طرح خواب میں ملنا چاہتا ہوں تو وہ کہنے لگے کہ بیٹا میں تمہیں ایک عمل دیتا ہوں اس کو روزانہ باوضو رات کو سوتے وقت پڑھنا۔۔۔! میں نے گھر آنے کے بعد یہ عمل پڑھنا شروع کر دیا اللہ کے فضل و کرم سے مجھے چوتھے دن ہی اپنی والدہ صاحبہ بہت اچھی حالت میں نظر آئیں اور انھوں نے مجھے بہت سے نصیحتیں بھی کیں۔ (داؤد الیاس، منڈی بہاؤالدین)

طریقہ عمل: اگر کوئی شخص اپنے کسی بھی بچھڑے ہوئے گمشدہ یا فوت ہو جانے والے عزیز و تعلق والے کو خواب میں دیکھنا چاہتا ہو تو اُسے چاہیے کہ بعد نماز عشاء نہایت یکسوئی میں باوضو بیٹھے اور کوئی خوشبو لگا لے اور اسکے بعد 11 مرتبہ ۲۱ ، درود پاک کی تلاوت کریں اور باوضو ہی سوجائیں 11، 21 اور آخری حد 41 دن ہے اللہ کے فضل وکرم سے ضرور ملاقات ہو جائے گی۔ نہایت مجرب ہے۔

(عامل کامل مولانا عبدالغفار صاحب، فاضل جامعہ حنفیہ کراچی وفاضل وفاق المدارس العربیہ)

مولانا خلیل احمد صاحب کے نقل کردہ وظائف

نوکری میں ترقی اور پاکٹ منی میں برکت کیلئے

ایک صاحب میرے پاس آکر کہنے لگے میری کپڑے کی دکان تھی جس سے گھر کے اخراجات بمشکل پورے ہوتے دوکان اور مکان کا کرایہ نکالنا مشکل تھا تو ایسی صورت میں بچوں کی تعلیم اور گھر کے دیگر اخراجات کیسے پورے کرتا۔۔۔؟ ہمارے محلے کے ایک مولوی

صاحب نے مجھے فجر کی نماز کے بعد 7 مرتبہ درود تاج پڑھنے کا بتایا میں نے اہتمام سے پڑھنا شروع کردیا اللہ کے فضل و کرم سے دیکھتے ہی دیکھتے چند ہی دنوں میں میری دکان پر لوگوں کی آمد و رفت شروع ہوگئی اور آج میری حالت یہ ہے کہ میں نے اس کے ساتھ والی دکان بھی لے لی ہے اور مکان بھی اپنی جگہ لے کر بنانا شروع کردیا ہے۔ (عبداللہ، فیصل آباد)

طریقہ عمل: جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کے رزق میں اضافہ ہو، نوکری میں ترقی ہو جائے، کاروبار میں خوب وسعت ہو، گھر کے راشن میں برکت ہو، پاکٹ منی میں ایسی برکت ہو کہ جس سے پورا مہینہ باآسانی گزرے اور بعد میں بھی پیسے بچ جائیں تو اُسے چاہیے کہ نماز فجر کے بعد 7 مرتبہ اس درود پاک کو پڑھنے کا اہتمام کرے۔

ہر بیماری سے نجات کیلئے:

ایک خاتون بتانے لگیں کہ میرے پاؤں کے انگوٹھے پر ایک معمولی سا پھوڑا نکلا محلے کے ڈاکٹر سے دوائی لی لیکن افاقہ نہ ہوا، اس کے بعد جنرل ہسپتال کے اسپیشلسٹ کو دکھایا تو اس نے کہا کہ اندر میں زخم تو بہت زیادہ بڑھ چکا ہے اور کچھ عرصے کیلئے اینٹی بائیوٹک گولیاں لکھ کر

دیں جو کہ میں کھاتی رہی، لیکن مجھے کسی طرح آرام نہ آیا اور میں تکلیف سے بے چین رہتی، آخر کار ڈاکٹر کہنے لگے کہ پاؤں کاٹنا ہی پڑے گا۔ اب میں سوچ سوچ کر اور نفسیاتی ہونے لگی کہ میں ساری زندگی کیلئے معذور ہو جاؤں گی میں نے اوراد و ظائف کی ایک کتاب میں سے بیماریوں کیلئے درود تاج 11 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیتی رہی۔۔۔! ابھی کچھ ہی دن کیا تھا کہ میرا زخم سوکھنے لگا میں اور توجہ دھیان سے کرنے لگی اور کچھ ہی دنوں کے اندر مجھے بے حد فائدہ ہوا اور آج اللہ کے فضل و کرم سے میرا پاؤں بالکل ٹھیک ہے اور میرا پاؤں کٹنے سے بچ گیا۔ میں اپنے مالک کا بہت بہت شکر ادا کرتی ہوں کہ اس مالک نے میرے لیے درود تاج کو وسیلہ بنا دیا۔ (ش، م۔ گجرانوالہ)

طریقہ عمل: جو شخص بیماری میں مبتلا ہو، بیماری کسی بھی قسم کی ہو، نزلے سے لے کر خدانخواستہ موذی جان لیوا امراض تک، اس مریض یا اس کے گھر والوں میں سے کوئی فرد اس درود پاک کو روزانہ 11 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی مریض پورا دن استعمال کرتا رہے۔ 11 دن یہ عمل جاری رکھے انشاء اللہ بہت ہی زیادہ بہتر نتائج برآمد ہوں گے جس پر عقل حیران اور ڈاکٹر

حضرات پریشان ہو جائیں گے۔ چیچک وغیرہ جیسی بیماریوں کے داغ اور نشانات بھی بالکل ختم ہو جاتے ہیں۔

سانپ بچھو اور موذی جانور کے کاٹے کا علاج

فصل کی کٹائی کے دوران میرے کزن کو ایک بچھو نے کاٹ لیا لوگ بڑے پریشان مریض کو لئے ہوئے قریب کی مسجد میں گئے تو وہاں کچھ لوگ بیٹھے ہوئے ذکر میں مشغول تھے ان میں سے ایک سفید ریش بزرگ اٹھ کر آئے دیہاتی لہجے میں کچھ پڑھنا شروع کر دیا اس وقت تو مجھے نہیں پتا تھا کہ وہ کیا پڑھ رہے تھے لیکن لوگوں سے پوچھنے پر انھوں نے بتایا کہ یہ درود تاج کو بہت ہی زیادہ پڑھتے ہیں اور اس وقت بھی انھوں نے یہی درود پڑھا تھا۔ (محمد ارشد، دندہ شاہ بلاول)

طریقہ عمل: اگر کسی شخص کو سانپ، بچھو یا اور کسی مہلک جانور نے کاٹ لیا ہو تو وہ شخص یا جو بھی اس کے قریب میں موجود ہو تو اُسے چاہیے کہ جس جگہ کاٹا ہو وہاں درود پاک کو پڑھتے ہوئے ہاتھ پھیرتا جائے اور جب ایک مرتبہ ختم ہو جائے تو ہاتھ جھاڑ دے اس طرح دو تین مرتبہ یہ عمل کرے۔ اللہ کے فضل وکرم سے تھوڑی ہی دیر میں شفاء یاب ہوگا۔ (مولانا خلیل احمد صاحب، فاضل جامعہ امدادیہ، فیصل آباد)

درود تاج

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ، صَاحِبِ التَّاجِ وَ الْمِعْرَاجِ وَ الْبُرَاقِ وَ الْعَلَمِ، دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ، اِسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ مَّنْقُوْشٌ فِي اللَّوْحِ وَ الْقَلَمِ، سَيِّدِ الْعَرَبِ وَ الْعَجَمِ، جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِي الْبَيْتِ وَ الْحَرَمِ، شَمْسِ الضُّحٰى بَدْرِ الدُّجٰى صَدْرِ الْعُلٰى نُوْرِ الْهُدٰى، كَهْفِ الْوَرٰى مِصْبَاحِ الظُّلَمِ، جَمِيْلِ الشِّيَمِ شَفِيْعِ الْاُمَمِ، صَاحِبِ الْجُوْدِ وَ الْكَرَمِ، وَ اللّٰهُ عَاصِمُهٗ، وَ جِبْرِيْلُ خَادِمُهٗ، وَ الْبُرَاقُ مَرْكَبُهٗ،

وَ الْمِعْرَاجُ سَفَرُہٗ وَ سِدْرَۃُ الْمُنْتَہٰی مَقَامُہٗ وَ
قَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُہٗ، وَ الْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُہٗ وَ
الْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُہٗ، سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ، خَاتَمَ
النَّبِیِّیْنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ، اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ
رَحْمَۃً لِّلْعَالَمِیْنَ، رَاحَۃِ الْعَاشِقِیْنَ، مُرَادِ
الْمُشْتَاقِیْنَ، شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ، سِرَاجِ السَّالِکِیْنَ،
مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِیْنَ، مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَ الْغُرَبَآءِ وَ
الْمَسَاکِیْنِ، سَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ، نَبِیِّ الْحَرَمَیْنِ، اِمَامِ
الْقِبْلَتَیْنِ، وَسِیْلَتِنَا فِی الدَّارَیْنِ، صَاحِبِ قَابَ
قَوْسَیْنِ، مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَیْنِ وَ الْمَغْرِبَیْنِ
جَدِّ الْحَسَنِ وَ الْحُسَیْنِ، مَوْلٰنَا وَ مَوْلَی الثَّقَلَیْنِ

اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ، صَاحِبِ نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰہِ، یَآ اَیُّھَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِجَمَالِہٖ، صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحٰبِہٖ، وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔

(بحوالہ کتاب جامع الوظائف ص 265، مصنف علامہ ارشد حسن ثاقب صاحب دامت برکاتہم، ناشر: ادارۃ القریش لاہور)

* * * * *

لاکھوں لوگ اس ویب سائٹ سے اپنی گھریلو اُلجھنوں اور پریشانیوں سے نجات کے لیے استفادہ کرتے ہیں۔

website:www.ubqari.org
E-mail:contact@ubqari.org
Facebook.com/ubqari
Youtube.com/ubqariTasbeehKhana

042-37597605,37586453

درود تاج اکابرؒ کی نظر میں

حجۃ الاسلام حضرت مولانا قاسمؒ کی طرف سے درود تاج کی اجازت

(1)۔ مولانا حکیم محمد یٰسین خواجہ صاحب رحمہ اللہ موضع کرم علی والا ملتان نے اپنی کتاب بیاض مدنی ضمیمہ شمس المعارف جو کہ دارالاشاعت کراچی سے شائع ہوئی ہے اس کتاب میں آپ نے درود تاج کی بڑی برکات لکھی ہیں اور اپنے مشائخ کی پوری سند بھی لکھی ہے۔

آپ فرماتے ہیں کہ صبح و شام سات سات بار درود تاج کا پڑھنا بلندی درجات کیلئے مجرب ہے، اسی طرح بیمار حضرات کیلئے پانی وغیرہ پر دم کر کے پلانا شفاء دیتا ہے۔ بہت لوگوں کو اس کا تجربہ ہے ہزاروں لوگوں کو فائدہ ہوا ہے اور وہ زیارت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مشرف ہوئے ہیں۔

اکابرؒ کے یہاں درود تاج کی سند: نقل از کتاب محاسبۃ الاعمال ص5،6 مؤلف: مفسر قرآن پیر طریقت مولانا محمد عبداللہ صاحب بہلوی رحمہ اللہ کو 29 جمادی الاول 1390ھ بروز پیر 3/8/1970 مولانا قاری محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم نے دورہ حدیث پاک کے

وقت طالب علمی کے زمانے میں عطیہ دیا تھا اور ان کو اس درود پاک کی اجازت حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ بانی دارالعلوم سے باواسطہ شیخ الادب مولانا اعزاز علی صاحبؒ سے ملی۔ (بحوالہ کتاب بیاض مدنی ضمیمہ شمس المعارف ص 627، مرتب مولانا حکیم محمد یٰسین خواجہ صاحب موضع کرم علی والا ملتان، ملتان، ناشر: دارالاشاعت کراچی)

حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ کی طرف سے درود تاج کی اجازت

(2)۔ ایک عالم دین فرماتے ہیں کہ میری والدہ درود تاج بڑے شوق سے پڑھتی تھیں کسی نے ان سے کہا کہ امام اولیاء حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمہ اللہ تو اس کے قائل نہیں ہیں میری والدہ نے حضرت لاہوریؒ سے عرض کی تو آپ نے فرمایا کہ ذوق وشوق اور محبت میں پڑھ لینے میں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ ''دافع البلاء والوباء'' کو اس معنیٰ میں پڑھا جائے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بلا و وبا کے دور رہنے کا بہت بڑا ذریعہ ہیں فاعل حقیقی اللہ رب العزت ہی کی ذات ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وسیلہ اور واسطہ ہیں۔ تائید میں پھر حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ نے ''دلائل الخیرات شریف'' کا حوالہ دیا کہ اس میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسماء صفاتی

میں ’’کاشف الکرب‘‘ موجود ہے اور تمام اکابرؒ اس کے پڑھنے کی باقاعدہ اجازت دیتے ہیں جب وہاں باتاویل جائز ہے تو یہاں بھی باتاویل جائز ہی ہے۔ (ہفت روزہ خدام الدین، امام الاولیاء حضرت لاہوری نمبر ص 324، اشاعت 1979)

حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ کی طرف سے درود تاج کی اجازت

(3)۔ محدث العصر حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی نور اللہ مرقدہ ایک سوال کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں اگر کسی کا ذوق وشوق اس (درود تاج) کے پڑھنے کا ہے تو پڑھ سکتا ہے، لیکن وہ جو دراصل اللہ تعالیٰ کی صفات وافعال ہیں ان کا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے استعمال مجازاً درست ہے، آپ ﷺ کو وسیلہ وواسطہ سمجھ کر تو گنجائش نکل سکتی ہے، اگر حقیقتاً ان کے معانی مراد نہ ہوں، بلکہ مجازاً مراد ہوں تو شرک نہ ہوگا۔ (فتاویٰ جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن، فتویٰ نمبر: 143908200078)

جامعہ بنوریہ عالمیہ کے دارالافتاء کی طرف سے درود تاج کی اجازت

(4)۔ مفتی سیف اللہ جمیل صاحب رئیس دارالافتاء جامعہ بنوریہ اور مفتی

نادر جان صاحب نائب رئیس دارالافتاء جامعہ بنوریہ، درود تاج، درود ماہی، درود مستجاب، درود اکبر، درود تنجینا، درود لکھی، دعائے گنج العرش ان تمام درودوں اور دعاؤں کے بارے میں فرماتے ہیں کہ ان کا پڑھنا شرعاً جائز اور درست ہے۔ (تفصیل کیلئے دیکھیں فتویٰ نمبر 19558، تاریخ 20/6/2013 دارالافتاء جامعہ عالمیہ بنوریہ سائٹ کراچی)

مفتی اعظم مولانا مفتی محمد فریدؒ کی طرف سے درود تاج کی اجازت

(5)۔ محدث کبیر، مفتی اعظم مولانا مفتی محمد فریدؒ جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک درود تاج کے بارے میں کیے گئے ایک سوال کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں کہ ایک صحیح العقیدہ آدمی کیلئے جس کا یہ عقیدہ ہو کہ اللہ تعالیٰ اس کی دعا اور توسل سے بلا وغیرہ کو دفع کرتا ہے اس کے لیے (درود تاج) پڑھنا جائز ہے۔ (فتاویٰ فریدیہ ج 1 ص 347، تخریج و ترتیب مفتی محمد وہاب مدرس دارالعلوم صدیقیہ زروبی، ناشر: دارالعلوم صدیقیہ زروبی صوابی)

علامہ ارشد حسن ثاقب صاحب کی طرف سے درود تاج کی اجازت

(6)۔ علامہ ارشد حسن ثاقب صاحب دامت برکاتہم فاضل جامعہ

اشرفیہ فرماتے ہیں درود تاج نہایت ہی مقبول و معروف ہے۔ اور مالی پریشانیوں کے حل، مشکلات و بلیات کے تدارک اور قضائے حاجات کیلئے سریع الاثر ہے۔ (بحوالہ جامع الوظائف ص 264، ناشر: ادارۃ القریش لاہور۔ اس کتاب میں موجود عملیات اور درود تاج کی تصدیق کرنے والے علم کے آفتاب و مہتاب۔ (۱) مفتی شاہد عبید صاحب دامت برکاتہم نائب مفتی جامعہ اشرفیہ لاہور۔ (۲) حضرت مولانا ڈاکٹر منظور احمد مینگل صاحب دامت برکاتہم۔ (۳) حضرت مولانا عدنان کاکاخیل صاحب۔ (۴) شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب اشرفی۔ (۵) استاد الحدیث حضرت مولانا حافظ فضل الرحیم دامت برکاتہم)

مولانا ابوعون محمد جہلمی اور درود تاج کی اہمیت

(تحریر: مولانا ابوعون محمد جہلمی صاحب، فاضل جامعہ امدادیہ فیصل آباد)

(7)۔ جامعہ امدادیہ سے فارغ ہونے کے بعد جب سے میں نے درود تاج کے بارے میں حضرت امام اولیاء مولانا احمد علی لاہوریؒ کا واقعہ پڑھا اُس وقت سے میری جستجو اس درود پاک کے بارے میں بڑھتی گئی۔ ”دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ

وَالْاَلَمِ " کے جو الفاظ درود تاج میں نقل کیے گئے ہیں اس سے مراد مجازی معنیٰ ہی ہیں جو کہ وسیلہ ہونے میں آتے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اقدس جو سارے جہانوں کیلئے رحمت ہیں ان سے بڑا وسیلہ کیا ہوسکتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بتائی ہوئی دعا سے نابینا صحابی کو شفاء مل گئی (ترمذی ج2، ص197)۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اقدس کی موجودگی عذاب ٹل جانے کا ذریعہ (سورۂ انفال آیت 33)۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلے سے بارش کا نازل ہونا (تاریخ ابن عساکر بحوالہ المواہب اللدنیہ 272)۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لعاب مبارک کو پانی میں ڈالنے سے فاتر العقل کا صحت یاب ہوجانا (مسند احمد ج6 ص379)۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا کی برکت سے قحط سالی خوش حالی میں بدل جانا۔

(بخاری ج1 ص140)

" دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ "

الفاظ میں اگر معنی مجازی مراد لیا جائے تو کوئی اختلاف نہیں رہتا اور بہت سے اہل علم یہی معنی مراد لیتے ہیں چند ایک حوالہ جات پیش خدمت ہیں: کوئی مسلمان بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دافع حقیقی نہیں سمجھتا

، دافع حقیقی صرف اللہ تعالٰی ہی کی ذات اقدس ہے نبی کریم ﷺ محض وسیلہ ہونے کی حیثیت سے دافع مجازی ہیں جیسا کہ اللہ تبارک وتعالٰی نے ارشاد فرمایا ''وَمَا کَانَ اللّٰہُ لِیُعَذِّبَہُمْ وَاَنْتَ فِیْہِمْ وَمَا کَانَ اللّٰہُ مُعَذِّبَہُمْ وَہُمْ یَسْتَغْفِرُوْنَ'' ۔ (کتاب الامن والعلٰی بحوالہ حضرت داتا گنج بخش اور درود تاج شریف ص16، ترتیب: خلیل احمد رانا، ناشر: دارالفیض گنج بخش'' لاہور۔ مجربات محسن ص128 مصنف: مولانا محمد محسن منور یوسفی، ناشر: المحسن مکتبہ لاہور۔ عقیدہ توسل، تبرک کی شرعی حیثیت، مصنف: شیخ الاسلام ڈاکٹر طاہر القادری صاحب، ناشر: منہاج القرآن لاہور۔ اسلام میں وسیلے کا تصور، مصنف: مولانا محمد معراج الاسلام صاحب، ناشر: شریف پرنٹنگ پریس لاہور)

*****

درود تیرے تمام غموں کے لیے کافی ہے

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص مجھ پر بکثرت درود شریف پڑھتا ہے، قیامت کے روز وہ سب سے زیادہ میرے قریب ہوگا۔ (ترمذی) ”حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے اور اس کے دس گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اور اس کے لئے دس درجات بلند کر دیئے جاتے ہیں۔“ (نسائی) ”حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگر ساری دعا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے کے لئے خاص کر دوں تو؟ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا پھر تو یہ درود تیرے تمام غموں کو کافی ہو جائے گا اور تیرے تمام گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔“ (ترمذی) ”سیدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، ”حقیقی معنوں میں بخیل وہ شخص ہے، جس کے پاس میرے نام کا تذکرہ ہوا لیکن اس نے مجھ پر درود نہیں بھیجا“۔ (ترمذی)

جب مشکلات اور پریشانیاں آپ کو مایوس کر دیں اس وقت آپ پڑھیں

ماہنامہ عبقری لاہور

روشن زندگی اور خاندانی مشکلات کا یقینی حل یہ تمام ماہنامہ عبقری میں پڑھیں

الحمدللہ! سب سے زیادہ شائع اور پسند کیے جانے والا ماہنامہ میگزین ہر گھر
ہر فرد کی ضرورت، پڑھیں اور تقسیم کریں

شیخ الوظائف سے ملاقات کیلئے پہلے دفتر عبقری سے فون پر وقت لیں!
ہر ماہ اس نمبر پر ملاقات کا ٹوکن دیا جاتا ہے **0322-4688313**

تسبیح خانہ میں ہر جمعرات ہونے والا درس روحانیت و امن

مال سے نہیں اعمال سے زندگی بنتی ہے! اگر آپ بھی اس حقیقت کو پانا چاہتے ہیں تو تسبیح خانہ قادری ہجویری لاہور میں ہر جمعرات کو ہونے والے درس میں شرکت کریں یہ درس انٹرنیٹ پر براہ راست دنیا کے **216** ممالک میں نشر ہوتا ہے۔ درس کے اختتام پر اسم اعظم کے ورد کے بعد آہوں، سسکیوں بھری خاص دعا ہوتی ہے۔ جس میں شامل ہو کر بے شمار اپنی پریشانیوں سے چھٹکارا پا چکے ہیں۔ اپنے ہر قسم کے مسائل کے حل کیلئے **41** یا **91** درس لگاتار ضرور سنیں! درس بروز جمعرات مغرب سے عشاء تک ہوتا۔ **www.ubqari.org**

درود تاج امام اولیاء حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ کی نظر میں

ایک عالم دین فرماتے ہیں کہ میری والدہ "درود تاج" بڑے شوق سے پڑھتی تھیں کسی نے ان سے کہا کہ امام اولیاء حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ تو اس کے قائل نہیں ہیں میری والدہ نے حضرت لاہوریؒ سے عرض کی تو آپ نے فرمایا کہ ذوق وشوق اور محبت میں پڑھ لینے میں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ "دافع البلاء والوباء" کو اس معنی میں پڑھا جائے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بلا و وبا کے دور رہنے کا بہت بڑا ذریعہ ہیں فائل حقیقی اللہ رب العزت ہی کی ذات ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وسیلہ اور واسطہ ہیں۔ تائید میں پھر حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ نے دلائل الخیرات شریف کا حوالہ دیا کہ اس میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسماء صفاتی میں "کاشف الکرب" موجود ہے اور تمام اکابرؒ اس کے پڑھنے کی باقاعدہ اجازت دیتے ہیں جب وہاں باتاویل جائز ہے تو یہاں بھی باتاویل جائز ہی ہے۔ (ہفت روزہ خدام الدین، امام الاولیاء حضرت لاہوری نمبر ص 324، اشاعت 1979)

669

عبقری پبلیکیشنز

مرکز روحانیت وامن، عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

فون: 042-37425801, 0322-4688313

Email: contact@ubqari.org, Website: www.ubqari.org